34842- مجہول فوجی کی یادگار نصب کرنے کا حکم

سوال

اس دور میں مجہول فوجی کی یادگار نصب کرنے کی اصطلاح چل رہی ہے اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

وی آئی پی افراد جنہیں ملک کی تعمیر وترقی یا علمی یا سیاسی واقتصادی مقام حاصل ہوان کے نام کی یادگار نصب کرنا یا جسے مجہول فوجی کی یادگار کا نام دیا جارہا ہے جیسا عمل کرنا جاہلیت کے اعمال میں شمار ہوتا ہے، اور یہ ان افراد میں غلواور حد سے تجاوز شمار ہوتا ہے.

اسی لیے دیکھا جاتا ہے کہ جب وہ اس کی یاد میں اس کے مجسمے کے پاس تقریب کا انعقاد کرتے ہیں تو اس کی عزت کے لیے اس پر پھول نچھاور کرتے اور اسے پھولوں کے ہار پہناتے ہیں یہ بالکل پہلے دور جاہلیت کی بت پرستی کے مشابہ ہے، اور شرک اکبر کی جانب وسیلہ ہے، اللہ اس سے محفوظ رکھے.

اس لیے عقیدہ توحید کی حفاظت کرتے ہوئے اور بغیر کسی ضرورت کے اسراف کرنے سے اجتناب کرتے ہوئے اس تقلید اور نقالی کو ختم کرنا واجب وضروری ہے، اور کفار سے ان کی عادات ورسم ورواج میں تقلید کرنے میں کوئی خیر وفلاح نہیں بلکہ یہ شر اور برائی کا پیش خیمہ ہے.